RAMPUR GOV^T. GAZETTE

سرکاری گزٹ رامپور

بحکم کونسل آف ریجنسی ریاست رامپور

جلد	روز دوشنبہ تاریخ ۲۴ اکتوبر ۱۸۹۲ء مطابق ۲ ربیع الثانی سنہ ۱۳۱۰ھ	نمبر ۴۳

فہرست مضامین

حکم اجلاس کامل واقع ۱۱ اکتوبر ۱۸۹۲ء

مصدرہ رو یادداشت قائم مقام رجسٹرار صدر بہ بطلب ہدایت نسبت زاد راہ اہلکار تصدیق کنندہ دستاویزات بہ مسکن مقران

آج پیش کونسل میں پیش ہوکر بالاتفاق تجویز ہوا کہ جب افسر صیغہ رجسٹری یا اہلکار رجسٹری مسکن مقر پر واسطے رجسٹری کے جاوے تو فیس زاد راہ بشرح معینہ قانون رجسٹری وصول ہوکر نصف سیاہہ سرکار ہوگی اور نصف اوس افسر رجسٹری یا اہلکار رجسٹری کو

بطور زاد راہ ملیگی لیکن شرط یہ ہے کہ ایسی حالت مین سواری
سرکاری نہ بیجاویگی۔ مثل اجلاس صاحب انچارج جوڈیشل ممبر بہادر
مرسل ہو اور یہ حکم درج گزٹ ہو۔
اور اگر کوئی افسر یا اہلکار سرکاری سواری پر جاویگا اس صورت مین
کل فیس سیاہہ سرکار ہوگی۔

حکم صاحب جوڈیشل انچارج

حسب منشا حکم اجلاس کامل احکام ضابطہ جاری ہون۔
۱۵ / اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ع

روبکار اجلاس صاحب پریزیڈنٹ بہادر
واقع ۱۵ / اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ع

حسب سوال روبکار صاحب چیف انجنیر بہادر دو روپیہ ماہوار
اضافہ تنخواہ مستقل کل تنخواہ معز اللہ خان داروغہ گھاٹ باگی کیگی
اور تنخواہ نامبردہ برآورد ملازمان مستقل تعمیرات مین درج ہوا کرے گی
بنابران۔ حکم ہوا کہ
روبکار صاحب صدر حسب بالا درج گزٹ ہو۔

حکم صاحب پریزیڈنٹ بہادر متعلقہ رپورٹ عدالت فوجداری درباره گمشدگی مسماۃ بلیا زوجہ حسنا گدی ساکن موضع سدہ کھیڑہ تھانہ بلاسپور

حلیہ درج گزٹ کیا جاوے سررشتہ دار صاحب صدر تعمیل کراوین
۱۰ / اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ع

حلیہ

مسماۃ بلیا گندم رنگ چپٹی ناک بیش چشم گول چہرہ فراخ پیشانی
کشادہ ابرو اوسط قد اوسط اندام پاجامہ چھینٹ سرخ کورتی چھینٹ
چھینٹ دوپٹہ چھپا ہوا گاڑہ کا اور ست ... پیرون مین کڑے کانسی کے
کانون مین بالیان نقرہ مالیت ۱۲ / کی پہنے تھے۔

حکم صاحب جوڈیشل انچارج

بمقدمہ رخصت حاکم عدالت خفیفہ

رخصت ایک ہفتہ منظور کی جاتی ہے۔ بشرطیکہ بجز انفصال مقدمات
و تحریر شہادت وغیرہ وغیرہ کار ہائے قانونی مجوزہ کا نہ کیا کرینگے۔
احکام ضابطہ جاری ہون۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر
واقع ۱۵ / اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ع

جو دیہات کہ ابتدا سنہ ۱۳۰۰ فصلی ٹھیکہ مین اونکا انتظام بعد ترتیب
نقشہ دہ سالہ وغیرہ جلد ہوجانا مناسب ہے مگر ہنوز تحصیلداران کے
پاس سے نہ کوئی فہرست اجلاس مین آئی اور نہ نقشہ جات سالانہ درج

حکم ہوا کہ

تحصیلداران فہرست دیہات بنابر بابت ... سنہ ۱۳۰۱ فصلی جلد
بھیجین اور نقشہ جات دہ سالہ آخر اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ع تک روانہ کرین
... صدر ... اور ... صاحبان ...
مطلع ہو کر تعمیل کرین اور روبکار درج گزٹ ہو۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

واحد علی پیشکار دوم حضور تحصیل نے بقایا اشتمالہ عارضہ در برگشت داخلخارج میں بہت کوشش کی چونکہ اونکو صرف عہ روپیہ تنخواہ ملتی ہے یکم اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء سے سہ روپیہ کیا جاوے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

روبکار اجلاس ایضاً واقع ۱۷ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

آج رپورٹ تحصیلدار بلاسپور باستفسار اینمعنی کہ بعض چوکیداران نے غلہ محاصل و پیداوار بوندہ وغیرہ کا اپنے صرف میں کر لیا ہے نسبت اوسکے وصول شدہ کو ہدایت فرمائی جاوے اور نسبت ترسیل توزیع چوکیداران بعد دریافت از واصلباقینویس صدر یہی تجویز ہو جاوے بغرض ملاحظہ ہوئی نسبت خورد برد چوکیداران کے مالگذاران کو چاہئے کہ جسقدر تصرف چوکیداران نے کر لیا وہ چوکیداران سے وصول کر لیں آیندہ اونکا جو حق وصول نہیں ہوا ہے وہ وصول کر لیں چوکیداران کو جو کچھ عذر ہوگا وہ اپنا علیحدہ پیش کرینگے اور جو حکم مناسب دیا جاوے گا اور نسبت ترسیل توزیع تحصیلداران کو چاہئے کہ مثل دیگر توزیعات یہ توزیع بھی بھیجا کریں۔

حکم ہوا کہ

نقل روبکار بغرض تعمیل موافق مضمون بالا بنام تحصیلداران و واصلباقینویس صدر مرسل ہو اور ایک نقل مطبع کو بغرض اندراج گزٹ بھیجی جاوے۔

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

رخصت

حسب درخواست عبدالقادر خان علاقہ دار آبپاشی حضور تحصیل بوجہ روانگی بمقام میلہ گڑھ مکتیسر واسطے خرید دو اسپ برائے سواری کار سرکار علاوہ تعطیل دیوالی رخصت سات یوم منظور ہوئی۔

حکم ہوا کہ

حسب ضابطہ احکام جاری ہوں۔

روبکار اجلاس صاحب سکرٹری بہادر واقع ۱۵ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

مقدمات قتل اور مقدمات مضروبی اجلاس کونسل تک آتے ہیں نقشہ معاینہ مقتول یا مضروب بخط اردو ہوتا ہے مناسب ہے کہ آیندہ بابو سیول سرجن جب کسی نعش کا یا کسی مضروب کا ملاحظہ کریں اور نقشہ معاینہ بھیجیں تو ہمیشہ اردو نقشے کے ساتھ انگریزی نقشہ بھی ضرور شامل کیا کریں جس سے کونسل کو ملاحظہ کے وقت آسانی ہو۔

حکم ہوا کہ

ایک نقل اس روبکار کی اطلاعاً پاس بابو سیول سرجن کے بھیجی جاوے اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

مطبع سرکاری ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا۔

حکم صاحب سکرٹری بہادر کونسل - واقعہ ۱۱ر اکتوبر ۱۸۹۲ء

روئداد منظور ہے ایک نقل برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو -

روئداد کمیٹی میونسپل بورڈ شہر رامپور منعقدہ ۹ر اکتوبر ۱۸۹۲ء

جناب صاحبزادہ محمد حمید الظفر خانصاحب بہادر سکرٹری کونسل صدر نشین کمیٹی
منشی نند کشور صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ ضلع سکرٹری کمیٹی

اسمائے شرکائے جلسہ

ملازمین

۱- حافظ احمد علیخان صاحب شوق منصرم نزول
۲- منشی صادق حسین صاحب میونسپل انجنیر
۳- پنڈت ڈوری لال صاحب بخشی فوج
۴- چوبے رگھناتھ پرشاد صاحب ڈپٹی انسپکٹر مدارس
۵- پنڈت رام دیال صاحب ڈاکٹر فوج
۶- پنڈت متھرادت صاحب مدرس مدرسہ انگریزی
۷- مولوی محمد یعقوب علیخان صاحب وکیل سرکار

غیر ملازمین

۱- صاحبزادہ علی مظفر خانصاحب - ممبر
۲- پنڈت رام دت صاحب ممبر
۳- لالہ گوپال داس صاحب ممبر
۴- مرزا محمد حسن صاحب ممبر
۵- منشی عبد اللہ صاحب ممبر
۶- لالہ گنیشی لال صاحب ممبر
۷- لالہ بلدیو داس صاحب ممبر
۸- لالہ دیندیال صاحب ممبر
۹- محمد نبی خانصاحب مستاجر ممبر
۱۰- جہانگیر صاحب مستاجر ممبر
۱۱- حافظ مستقیم صاحب وکیل ممبر
۱۲- مولوی عبد الصمد صاحب وکیل ممبر
۱۳- مولوی عبد المجید خانصاحب وکیل ممبر
۱۴- لالہ بلدیو داس صاحب ثانی مستاجر ممبر
۱۵- یاد اللہ خانصاحب مستاجر ممبر
۱۶- میر بہادر علی صاحب وکیل ممبر

امور تصفیہ طلب	تجویزات کمیٹی
۱- رپورٹ گردآور صفائی دربارہ انتظام صفائی نالی پختہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ دو سقہ اور دو بھنگی واسطے صفائی نالی سڑک ہائے پختہ کے جدید ملازم رکھے جاویں۔ جناب صاحب صدر نشین نے بھی تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔
۲- عرضی معاداران [illegible] مع کیفیت میونسپل انجینیر دربارہ درستی نالہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ [illegible] کا تخمینہ اس کام کیلئے صاحب میونسپل انجینیر نے مرتب کرکے پیش کیا ہے چونکہ اس شکایت کا رفع کرنا منظور ہے لہذا [illegible] کا تخمینہ منظور ہے جلد مرمت نالی کا آغاز کر دیا جاوے جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی اس تجویز کو منظور فرمایا۔
۳- روبکار کمیٹی مع درخواست منصرم صاحب کتب خانہ دربارہ نصب یک عدد لالٹین بہ محلہ لال بہاری۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اس محلہ لال بہاری میں ایک لالٹین کی منظوری منصرم صاحب کتب خانہ کی درخواست پر ہو گئی ہے اور لالٹین ہنوز نصب نہیں ہوئی ہے کہ منصرم صاحب اس محلہ سے اٹھکر اور کسی محلہ میں چلے گئے۔ لہذا یہ کاغذات داخل دفتر ہوں جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو پسند فرمایا۔
۴- عرضی نجم الغنی خان بدرخواست اندراج نام خود در زمرہ ممبران بورڈ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جب ممبر منتخب ہوں اوسوقت اس درخواست پر بھی لحاظ کیا جاوے جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔
۵- نوٹ صاحب میونسپل انجینیر دربارہ بحث وغیرہ ممبران شہر چہار دفعات۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ چونکہ ابھی قواعد جاری نہیں ہوئے اسلئے ابھی ایسے امور پر بحث مناسب نہیں ہے داخل دفتر ہو۔ جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی منظور فرمایا۔
۶- عرضی بشیر خان بدرخواست قائمی بھٹی چونہ بہ محلہ چاہ شور مع رضامندی اہل محلہ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ سائل جس جگہ بھٹی قائم کرنا چاہتا ہے وہ آبادی ہے ایسی جگہ اجازت نہیں ہو سکتی نامنظور ہو کاغذات داخل دفتر ہوں جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور و پسند فرمایا۔
۷- عرضی عنایت اللہ خان وغیرہ شہید داران روشنی دربارہ شکستگی [illegible] وغیرہ بجمع	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ نقشہ معمار بابت [illegible] حال جو مرتب ہوا ہے اوسکے ملاحظہ سے واضح ہوتا ہے کہ مرمت [illegible] سال کا خرچ برابر سالہائے سابق کی درخواست سے زیادہ ہے اگر اوسط کے موافق درخواست

یکصد روپیہ سالانہ۔	دین تو آئندہ کمیٹی میں پیش ہو جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور و پسند فرمایا۔
۸۔ عرضی بیوہ امانت خان ساکن ماربار بابت [illegible] دلوا دینے [illegible] مکان۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ اس قسم کی امداد میونسپل بورڈ سے کبھی نہیں ہوئی ہے لہذا داخل دفتر ہو جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو پسند فرمایا۔
۹۔ عرضی عبدالمجید بابت درخواست نصب ایک لالٹین در باغیچہ ذوقی رام۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ روشنی مساجد کا خرچ مصرف خیر ہوتا ہے ایسے مقامات پر لالٹین نصب کرنے کی کوئی مد نہیں ہے لہذا داخل دفتر ہو جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور و پسند فرمایا۔
۱۰۔ کیفیت صفائی نظری روبکار کمیٹی درباب تبدیلی مہرہائے [illegible] روشنی تعدادی [illegible] عدد مع تخمینہ رقمی روپیہ ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ نرخ مہرہ جناب صاحب سکرٹری بہادر کونسل نے طے فرما دیا ہے لہذا میونسپلٹی کی جانب سے خرید کر بھجوا دیں جناب صاحب صدر نشین نے بھی تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔
۱۱۔ عرضی میوا رام وغیرہ متعینہ ٹھیکہ صفائی دربارہ علیحدگی دکان قصاب از محلہ تھانہ عثمان خان بانظارہ امر جدید۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ گرداور صفائی جناب صاحب سکرٹری بہادر کونسل کو اس جگہ کا ملاحظہ کرا دیں بعد ملاحظہ حکم صادر ہوگا جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔
۱۲۔ پرچہ اخبار مع کیفیت صفائی درباب آبادی مکان بدھو خان ٹھیکیدار سیدال سول محلہ تھانہ گشت شدہ۔	بدھو خان جو کمیٹی میں آئے تھے خود بیان کیا کہ میں اپنا مکان بنوا رہا ہوں اور یہ بھی معلوم ہوا کہ سیدال سول بھی آئے ہوئے ہیں لہذا بالاتفاق تجویز ہوئی کہ سیدال سول پر واسطے درستی و آبادی مکان کے تاکید کی جاوے کہ وہ مکان اپنا درست کریں جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور و پسند فرمایا۔
۱۳۔ یادداشت مرزا محمد حسن صاحب ممبر بورڈ دربارہ ملجائے سپاہی ہنگام معائنہ و ناقص	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جس وقت مرزا صاحب موصوف ہٹا دیا کریں گرداور صاحب فوراً تعینات کر دیا کریں جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔

۱۴ — عرضی حافظ شمس الدین صاحب بدرخواست اجازت تختہ پیش دکان۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ تختہ دکانات کے آگے ڈالنے سے رستہ تنگ ہوتا ہے اور نالی کی صفائی بخوبی نہیں ہوتی لہٰذا درخواست سائل نامنظور۔ جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔
۱۵ — مثل تیاری گھوڑا گاڑی وغیرہ متعلقہ صاحب سکریٹری بہادر کونسل دربارہ وصول رقم مالیت از ٹھیکہ دار متعلقہ قیمت تیاری گاڑیاں بوجہ خرابی کام۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ رائے صاحب سکریٹری بہادر کونسل کی نہایت مناسب انسب ہے ٹھیکہ دار سے مالیت بوجہ کام خراب بنانے کے وصول کر لیا جاوے جناب صاحب صدر نشین کمیٹی کی رائے بہت درست ہے الہ آباد کے نمونے کے موافق گاڑیاں تیار نہیں ہوئیں۔
۱۶ — درخواست ٹھیکہ دار تیاری ٹکٹ میں خلاصہ کہ مکانات سرکاری یا مساجد و زیارات میں جو ٹکٹ لگائی جاوینگی اونکی قیمت سرکار سے ملے۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ املاک وقف جو ملکیت کسی ایک شخص کی نہیں ہے اونکی قیمت میونسپلٹی سے دی جاوے باقی کل کی قیمت مالکان سے وصول کیجاوے جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔
۱۷ — دستور العمل میونسپل بورڈ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ ایک دن کے لیے جملہ ممبروں کے پاس دستور العمل ہذا گشت کرا دیا جاوے تاکہ بعد معائنہ اپنی رائے لکھیں کہ یہ دستور العمل قابل نفاذ ہے یا نہیں جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔
۱۸ — مثل مقدمہ علیحدگی ڈاکٹر سید عبد الصمد صاحب از انتظام مذبح حیوان۔	ملاحظہ ہوا۔
۱۹ — رویداد سب کمیٹی میونسپل بورڈ دربارہ تقسیم حلقہ جات برائے نگرانی ممبران بورڈ۔	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ جلسہ آئندہ میں پیش ہو جناب صاحب صدر نشین کمیٹی نے بھی تجویز ہذا کو منظور فرمایا۔

ضمیمہ سرکاری گزٹ رامپور نمبر ۴۳
مطبوعہ ۲۴ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء جلد

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۱۸ لغایت ۲۴ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل موتی										تفصیل امراض					کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل بہ اعتبار مذہب		ایک سال سے کم		ایک سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب							
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
شہر	۲۹	۹	۱۸	۵	۶۱	۴۷	۱۴	۲۸	۲۶	۳	۲	۱۰	۱۲	۴۷	۴۱	۹۷	۰۱	۶	۰	۰	۹۲	۸۸	
خاص تحصیل	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
شاہ آباد	۵	۱۹	۰	۰	۲۶	۱۲	۳۵	۲۴	۱۶	۷	۴	۳۴	۲۲	۴۵	۴۴	۲۲	۸۶	۴۲	۰	۷	۹۰	۱۰۷	
ملک	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
سوار	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
بلاسپور	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	[illegible]
ٹانڈہ	۵	۵	۲	۹	۲۳	۹	۱۴	۲	۸	۰	۱	۶	۶	۸	۱۴	۱۳	۱۱	۱۳	۰	۰	۱۱	۲۴	
میزان	۳۱	۳۲	۲۶	۳۱	۱۳۱	۹۸	۴۳	۵۲	۵۰	۱۰	۱۰	۵۹	۴۱	۱۲۰	۱۰۱	۱۰۲	۱۱۹	۹۱	۰	۷	۱۵۳	۲۲۰	

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائی ۱۸ لغایت ۲۴ اکتوبر سنہ ۱۸۹۲ء

نام جنس	خاص تحصیل	شاہ آباد	ملک	سوار	بلاسپور	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰۱۲ سار	۱۲ سار	۱۳ سار	۱۴ سار	۰	۰	بلاسپور و ٹانڈہ سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۵ سار	۱۷ سار	۱۸ سار	۱۵ سار	۰	۰	
نخود کسار آمیز	۱۹ سار	۱۹	۲۰ سار	۱۸ سار	۰	۰	
[illegible]	۰۲۰ سار	۰	۲۱ سار	۱۹ سار	۰	۰	
ماش	۱۵ سار	۱۶ سار	۱۵ سار	۱۴ سار	۰	۰	
مونگ	۱۴ سار	۱۴ سار	۱۳ سار	۱۳ سار	۰	۰	
مکا	۲۱ سار	۲۲ سار	۰۲۲ سار	۰۲۲ سار	۰	۰	
[illegible]	۲۳ سار	۱۹ سار	۰۲۲ سار	۲۲ سار	۰	۰	
[illegible]	۲۱ سار	۱۵ سار	۰۱۶ سار	۲۰ سار	۰	۰	
مسور	۱۹ سار	۰۱۶ سار	۲۰ سار	۱۸ سار	۰	۰	
ارہر	۰۲۱ سار	۰	۲۰ سار	۰۲۲ سار	۰	۰	
برنج	۱۱ سار	۱۳ سار	۱۳ سار	۰	۰	۰	
روغن زرد	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۱ سار	۰	۰	
روغن سیاہ	۳ سار	۲ سار	۳ سار	۲ سار	۰	۰	
روغن کنجد	۰	۱ سار	۱ سار	۰	۰	۰	
نمک سانبھر	[illegible]	۲ سار	۲ سار	۸ سار	۰		
نمک لاہوری	۰	۵ سار	۶ سار	۵ سار			
قند سیاہ	۰۹ سار	۹ سار	۹ سار	۶ سار			

مطبوعہ سرکاری پریس ریاست رامپور